**سٹی آف نیو یارک کی سوِل کورٹ**
**بعدالت** ____________________________

______________________________

درخواست گزار (لینڈ لارڈ),

-برخلاف-

مدعا علیہ (کرایہ دار),
پتہ:

مدعا علیہ (اصل کرایہ دار)۔
پتہ:

انڈیکس نمبر L&T __________

**عدم ادائیگی کا نوٹس درخواست**

درخواست گزار کا کاروباری پتہ:

______________________________

**کرایہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے آپ کا مالک مکان آپ پر مقدمہ کر رہا ہے۔**

1. آپ کے مالک مکان نے آپ پر واجب الادا کرایہ ادا نہ کرنے کی وجہ سے اپنی پراپرٹی خالی کروانے کے لیے آپ کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ مالک مکان کی وجوہات منسلکہ درخواست میں موجود ہیں۔

2. آپ کا مالک مکان عدالت ہٰذا سے درج ذیل گزارشات کرتا ہے:
   - دعویٰ رقم مبلغ $__________، بمعہ سُود، ازاں _____________، __20، اور
   - اگر آپ زیر دعویٰ رقم ادا نہیں کرتے، تو آپ سے گھر خالی کروانے کا حکم نامہ۔

3. مقدمہ کی پیروی کرنے کا حق آپ کے پاس موجود ہے۔ مگر پہلے آپ کو لینڈ لارڈ - ٹیننٹ کلرک کے پاس درخواست کا جواب لازمی دینا ہو گا، درج ذیل مقام پر: ______________________________، ____________، نیویارک۔ یہ کام 10 دن کے اندر کرنا لازمی ہے اور اس کے بعد یہ کاغذات آپ یا آپ کے گھر پر رہنے یا کام کرنے والے کسی شخص کو دیے جائیں گے یا

| پتہ یا عمارت کی تفصیلات |
| --- |
| |

پھر درج ذیل پتہ پر آپ کے گھر بھیج دیے جائیں گے:
***انتباہ!*** اگر آپ درخواست کا جواب 10 دن کے اندر نہیں دیتے، تو آپ کے خلاف فیصلہ سنایا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو مالک مکان کے پاس آپ کو نکالنے کا حق ہو گا۔

4. آپ کے جواب میں وہ قانونی وجوہات موجود ہونی چاہیں کہ آپ پر کچھ کرایہ واجب الادا نہیں ہے یا تھوڑا ہے۔ قانونی وجوہات کو دفاع کہا جاتا ہے۔ اگر مالک مکان کے خلاف آپ کا بھی کوئی دعویٰ ہو، تو آپ وہ بھی بتا سکتے ہیں۔ عدالت میں آپ کو اپنا دفاع اور ہر دعویٰ ثابت کرنا ہو گا۔ درخواست کا جواب دینے کے لیے، آپ پر درج ذیل میں سے ایک کام لازم ہے:
   - لینڈ لارڈ - ٹیننٹ کلرک کے دفتر میں جائیں اور کلرک کو اپنا جواب بتائیں، یا
   - لینڈ لارڈ - ٹیننٹ کلرک کو اپنا تحریری جواب دیں (فارم نمبر: Civ-LT-91a)۔

آپ کو پیٹیشن میں جواب دینے میں مدد کیلئے معلومات (Form No. Civ-LT-92) مالک مکان-کرایہ دار کے کلرک کے آفس میں یا آن لائن nycourts.gov/housingnyc پر دستیاب ہے۔

***اہم!*** اگر آپ اپنے جواب میں کلرک کو اپنا دفاع نہیں بتاتے، تو بعد میں آپ اس مقدمہ یا دیگر کسی بھی مقدمہ میں اس بارے میں بات نہیں کر سکیں گے۔

5. جب آپ درخواست کا جواب دیں گے، تو اس کے بعد 3 تا 8 دن کے اندر دوبارہ عدالت میں آنے کے لیے آپ کو تاریخ دی جائے گی۔ اس تاریخ کو 14 دن کے لئے ملتوی کرنے کا آپ کو حق حاصل ہے لیکن آپ کو ملتوی کی درخواست کرنے کے لئے عدالت میں آنا ہوگا۔ اگر آپ اپنی عدالت کی تاریخ سے پہلے تمام کرایہ ادا کرتے دیتے ہیں تو، مقدمہ خارج ہو جائے گا۔

6. اگر اس نوٹس میں آپ کا نام موجود نہیں ہے مگر آپ مذکورہ بالا گھر میں رہتے ہیں، تو عدالت میں حاضر ہو کر درخواست کا جواب دینے کے لیے آپ کے پاس حق موجود ہے۔

7. **دستیاب وسائل:**

- **قانونی مدد:** نیویارک سٹی قانون کے تحت، اس مقدمہ میں آپ اپنی نمائندگی کر سکنے کیلئے ایک وکیل کی خدمات مفت حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مفت قانونی مدد حاصل کر سکنے کے بارے میں معلومات کیلئے 718-557-1379 پر کال کریں یا nycourts.gov/freelawyer۔ اگر وکیل کے لیے آپ کے پاس پیسے موجود ہوں، تو آپ نیویارک سٹی بار لیگل ریفرل کے ساتھ مندرجہ ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں 212-626-7373.
- **زبان میں مدد:** اگر آپ انگریزی اچھی نہیں بولتے ہیں یا بہرے ہیں یا اونچا سنائی دیتا ہے، تو آپ مفت ترجمان کا حق رکھتے ہیں۔ کورٹ کلرک کو بتائیں کہ آپ کو ایک انٹرپریٹر کی ضرورت ہے، یا کال کریں 646-386-5670. کسی دوسری زبان میں اس نوٹس کا ترجمہ پڑھنے کے لیے، ملاحظہ کریں: nycourts.go/housingnyc. بے دخلی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے:

| |
|---|
| Informations concernant les expulsions • বেদখলের তথ্য • 驱离租屋相关信息 :**646-386-5750** |
| معلومات بشأن حالات الطرد • 迫遷相關資訊 • Информация о выселении |
| Enfòmasyon Konsènan Degèpisman • información sobre desalojos • بے دخلیوں کی معلومات |

- **ADA ہیلپ:** اگر معذوری کی وجہ سے آپ کو عدالت کو استعمال کرنے کیلئے خصوصی رہائش کی ضرورت ہے، تو 646-386-5300 یا 711 (TTY) پر کال کریں یا ایک عدالتی کلرک کو بتائیں۔
- **مالی مدد:** اگر آپ نے کرایہ دینا ہو مگر پیسے موجود نہ ہوں، تو کرایہ ادا کرنے میں مدد کے بارے میں مزید معلومات کے لیے HRA کی انفولائن سے 718- 557-1399 پر رابطہ کریں۔
- **عدالت سے مدد:** عدالت کی عمارت میں ایک ہیلپ سنٹر ہوتا ہے جہاں پر آپ کورٹ اٹارنی یا کسی رضاکار وکیل کے ساتھ بات کر سکتے ہیں۔
- **آن لائن مدد:** پر ہاؤسنگ کورٹ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: nycourts.gov/housingnyc (ہسپانوی اور چینی میں بھی دستیاب ہے) یا lawhelpny.org پر LawHelpNY ملاحظہ کریں۔

**التواء اور کرایہ کی رقوم جمع کرانا.** عدالت میں آپ اپنے مقدمہ کو ملتوی کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ اس مقدمہ کو کم از کم 14 دن کے لئے ملتوی کرنے کا آپ کو حق حاصل ہے۔ اگر آپ کا مقدمہ 60 دن کے اندر ختم نہیں ہوتا ہے یا آپ نے دوسری مرتبہ مقدمہ کو ملتوی کرنے کا کہتے ہیں، تو عدالت آپ کو کہہ سکتی ہے کہ آپ عدالت میں رقم جمع کرائیں یا مالک مکان کو کرایہ ادا کریں۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے ہیں، تو آپ کا مقدمہ براہ راست سماعت میں جا سکتا ہے۔
RPAPL سیکشن 745۔

**فیصلہ کے بعد.** اگر مقدمہ کی کاروائی کے بعد عدالت آپ کے خلاف حکم نامہ جاری کرتی ہے، تو عدالت آپ کو فیصلہ سنانے اور بے دخلی سے بچنے کے لیے وقت دے سکتی ہے۔ اس وقت کے پورا ہونے کے بعد، مارشل کی طرف سے آپ کو بے دخلی کا نوٹس ملے گا جس میں پورا کرایہ ادا کرنے یا گھر خالی کرنے کے لیے کم سے کم 14 دن کی مہلت دی جائے گی۔ اگر آپ ادائیگی یا گھر خالی نہیں کرتے ہیں تو، مارشل آپ کو بے دخل کردے گا۔RPAPL سیکشن(2)749 .

سٹی آف نیویارک، کاؤنٹی آف ________________

تاریخ: ____________________________، 20___

سٹی آف نیو یارک کی سوِل کورٹ کا کلرک: ________________________________________

درخواست گزار یا درخواست گزار کا وکیل: ______________________________

پتہ: ______________________________

ٹیلیفون نمبر ______________________________